QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

فقہِ حنفی ومالکی میں عرف کی حیثیت وحجیت کا تقابلی وتحقیقی مطالعہ

The Status and Legal Authority of ʿUrf in Ḥanafī and Mālikī Jurisprudence: A Comparative and Analytical Study

Muhammad Asrar
M.Phil Scholer, Department of Islamic Studies, Green International University, Lahore
asrarahmad037@gmail.com
Dr. Hafiz Falak Shair Faizi
Assistant Professor, Department of Islamic Thought and Civilization, University of Management & Technology, Sialkot Campus.
falak.shair@skt.umt.edu.pk

Abstract

The concept of ʿUrf (custom) occupies a significant position in Islamic jurisprudence as a supplementary source for deriving legal rulings, particularly in matters where explicit textual evidence is absent or requires contextual interpretation. This study presents a comparative and analytical examination of the legal authority (ḥujjiyyah) of ʿUrf in the Ḥanafī and Mālikī schools of Islamic law. It explores the definitions, classifications, evidential foundations, conditions of validity, juristic maxims, and practical applications of ʿUrf in both schools. The research further investigates the relationship between ʿUrf and other juristic principles, particularly Qiyās (analogical reasoning), highlighting the circumstances in which customary practice is preferred over analogical deduction. In addition, the study analyzes the role of ʿUrf in the specification of general legal texts, the restriction of unrestricted rulings, and the resolution of contemporary legal issues through practical examples drawn from commercial transactions, leases, wills, and family law. Employing a comparative and qualitative methodology based on classical juristic sources, the study demonstrates that both the Ḥanafī and Mālikī schools recognize valid custom as an authoritative legal proof, although they differ in the scope and methodology of its application. The findings reveal that ʿUrf serves as an essential mechanism for ensuring flexibility, facilitating legal adaptation to changing social circumstances, and preserving the objectives of Sharīʿah while maintaining fidelity to its foundational texts.

Keywords: *ʿUrf, Custom, Islamic Jurisprudence, Ḥanafī School, Mālikī School, Legal Authority, Comparative Fiqh, Qiyās, Sharīʿah.*

فقہِ اسلامی کے ہمہ گیر نظام میں مذہب حنفی اپنی وسعتِ نظری اور حقیقت پسندی کے باعث ایک امتیازی مقام رکھتا ہے، جہاں وحی الٰہی کے ابدی اصولوں کو انسانی معاشرت کے عملی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کا فن معراج پر نظر آتا ہے۔ امامِ اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ علیہ اور ان کے جلیل القدر تلامذہ نے جس فقہی عمارت کی بنیاد رکھی، اس میں عرف و تعامل محض ایک ثانوی مآخذ نہیں بلکہ قانون سازی کا وہ متحرک عنصر ہے جو شریعت کو ہر عہد کے تمدنی تغیرات کا ساتھ دینے کے قابل بناتا ہے۔ احناف کے نزدیک عرفِ صحیح کی حجیت اس درجے پر فائز ہے کہ وہ مخصوص حالات میں قیاسِ جلی جیسے منضبط قاعدے کو بھی ترک کرنے کی بنیاد بن جاتا ہے، کیونکہ دینِ فطرت کا منشا انسانیت کو تنگی میں ڈالنا نہیں بلکہ معروف کے ذریعے نظمِ کائنات کو استوار رکھنا ہے۔ زیرِ نظر مقالہ میں ہم فقہِ حنفی ومالکی کے اسی حکیمانہ اسلوب کا علمی محاکمہ کریں گے کہ کس طرح صاحب مذہب اور ائمہِ ترجیح نے العرف فی الشرع لہ اعتبار کے زریں اصول کے تحت معاشرتی رواجوں کو شرعی احکام کے سانچے میں ڈھالا ہے۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

حنفی فقہاء کے نزدیک شریعت کا مقصد لوگوں کے لیے آسانی پیدا کرنا ہے، اور یہ آسانی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب لوگوں کے درمیان رائج عرف کو نظر انداز نہ کیا جائے۔ چنانچہ انہوں نے ایک ضابطہ وضع کیا: یعنی عرف اور عادت کو حکم مانا جاتا ہے۔[1]

یہ ضابطہ فقہ حنفی کی بنیادوں میں سے ایک ہے۔ ذیل میں میں نے تفصیل درج کی ہے جس سے ہم کو علم ہو گا کہ حنفی فقہاء نے عرف کی کیا تعریف کی؟ اس کی کتنی اقسام ہیں؟ کن شرائط میں عرف حجت ہے؟ اور کن مقامات پر انہوں نے قیاس اور روایات کو بھی عرف کے سامنے پس پشت ڈال دیا؟۔

حنفی فقہاء نے عرف کی متعدد تعریفیں کی ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(ا) امام شمس الائمہ محمد بن احمد السرخسی رحمہ اللہ علیہ متوفی 483ھ جو "تاج الائمہ" کے لقب سے مشہور ہیں، فرماتے ہیں:

عرف وہ ہے جس پر نفوس عقول کی گواہی سے مستقر ہو جائیں، اور سالم طبائع اسے قبول کر لیں۔[2]

اگر ہم اس تعریف میں غور کریں تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ امام سرخسی رحمہ اللہ علیہ نے اس تعریف میں عرف کی دو بنیادی خصوصیات بیان کی ہیں:

پہلی: یہ عقل کی گواہی سے مستقر ہو

دوسری: یہ فطرت سلیم کے مطابق ہو

امام زین الدین ابن نجیم المصری رحمہ اللہ علیہ متوفی 970ھ جو فقہ حنفی کے نامور محقق ہیں، فرماتے ہیں: عرف وہ ہے جسے لوگ باہم جانتے ہوں اور ان کا عمل اور عادت اس پر جاری ہو، خواہ وہ قولی ہو یا فعلی۔[3]

امام ابن نجیم رحمہ اللہ علیہ نے اس تعریف میں عرف کے تین عناصر بیان کیے ہیں:

1. لوگوں کا باہمی تعارف تعرّف
2. اس پر عمل کا جاری ہونا
3. عادت بن جانا

امام محمد امین ابن عابدین رحمہ اللہ علیہ متوفی 1252ھ جو فقہ حنفی کے آخری کبیر المحققین ہیں، فرماتے ہیں: "عرف وہ ہے جو کثرت استعمال سے نفوس میں مستقر ہو جائے، اور احکام میں اس کی طرف رجوع کیا جائے۔[4]

عرف کی حقیقت لغت میں کسی امر کے خوگر اور عادی بن جانے کے ہیں، اور اصطلاح میں عرف کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کوئی امر بار بار کرنے کی وجہ سے لوگوں کے ذہنوں میں راسخ ہو چکا ہو اور اچھے اور نیک لوگ اس امر کو بلا تکلف اختیار کرنے لگے ہوں اور پوری قوم اس کو اختیار کرنے کی عادی بن چکی ہو۔[5]

---

[1] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔ الاشباہ والنظائر ص۔87۔ دمشق: دار الفکر۔1999۔

[2] :۔ السرخسی، شمس الائمہ محمد بن احمد۔۔ المبسوط جلد 12، ص۔45۔ قاہرہ: دار الحدیث۔2019

[3] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔۔ الاشباہ والنظائر ص۔88۔ دمشق: دار الفکر۔1999

[4] :۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر۔ رد المحتار علی الدر المختار جلد 1، ص۔45۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔2003۔

[5] :۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر۔ مجموعۃ رسائل ابن عابدین 2/114۔ قاہرہ، مصر: المطبعۃ العامرۃ الشرفیہ۔1905۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

اگر عرف کی اقسام کو ملاحظہ کیا جائے تو حنفی فقہاء نے عرف کو متعدد اعتبارات سے تقسیم کیا ہے:

1. عرف عام و عرف خاص

امام ابن عابدین رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

عرف دو قسم کا ہے: عام اور خاص۔ عام وہ جو اہل اسلام کی اکثریت میں جاری ہو۔ اور خاص وہ جو کسی خاص صنعت یا شہر والوں میں جاری ہو۔[1]

عرف خاص:

کسی خاص علاقے یا شہر کا عرف ہو دوسرے کا نا ہو جیسے مسجد میں قرآن پاک وقف کرنے کا عرف عام ہے اور مسجد میں ہانڈی وقف کرنا عرف خاص ہے۔ اسی طرح بعض شہروں میں اجارہ کے سال کا آغاز محرم سے ہوتا ہے، جبکہ بعض شہروں میں جنوری سے ہوتا ہے، اسی طرح بعض جگہ پر جمعہ کو چھٹی ہوتی ہے جب کہ بعض جگہ اتوار کو تعطیل ہوتی ہے یہ سب عرف خاص کی مثال ہے۔[2]

عرف خاص کی مثالیں:

کسی خاص شہر میں مہر کی مقررہ رقم

کسی خاص پیشے میں اجرت کی متعین مقدار

عرف عام کی تعریف:

یہ وہ عرف ہے کسی معاملہ میں تمام علاقوں یا اکثر کے تمام لوگوں میں مروج ہو، عرف عام، قولی اور فعلی دونوں ہوتا ہے۔

عرف عام کی مثالیں:

کسی چیز کو خریدتے وقت صرف اشارے سے بیع کرنا معاطاۃ

گھر کرایہ پر دیتے وقت معمولی مرمت کرنے کا رواج

2. عرف قولی و عرف فعلی

امام نجیم رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

عرف دو قسم کا ہے: قولی اور فعلی۔ قولی جیسے دابۃ کا لفظ گھوڑے پر بولنا۔ اور فعلی جیسے بیع کو معاطاۃ کے ذریعے کرنے کا رواج۔[3]

عرف قولی:

کسی لفظ کو حقیقی معنی کے بجائے مجازی یا عرفی معنی میں استعمال کرنا۔ مثال: "دابۃ" کا لفظ عرف میں گھوڑے کے لیے بولا جاتا ہے۔

---

[1] :۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر۔ رد المحتار علی الدر المختار جلد 4، ص۔ 78۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔ 2003۔

[2] :۔ ایضا، مجموعۃ رسائل ابن عابدین 2/54۔ قاہرہ، مصر: المطبعۃ العامرۃ الشرفیہ۔

[3] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔ الاشباہ والنظائر ص۔ 89۔ دمشق: دار الفکر۔ 1999۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

عرف فعلي:

لوگوں کا کسی کام کو مسلسل کرنے کا رواج۔ مثال: بیع میں صرف لے دے کرنا، الفاظ نہ بولنا۔

3. عرف صحیح و عرف فاسد

امام سرخسی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ترجمہ: "عرف صحیح وہ ہے جو کسی نص یا اجماع کے خلاف نہ ہو۔ اور عرف فاسد وہ ہے جو کسی نص یا اجماع کے خلاف ہو۔"[1]

عرف صحیح کی تعریف:

ایسا قولی یا فعلی رواج جس کو قبول کر لینے کی وجہ سے کوئی نص معطل اور بالکلیہ عمل سے محروم نہ ہو جاتی ہو اور وہ رواج شریعت کے مسلمہ عمو می قواعد و مقاصد کے خلاف نہ ہو یہ عرف صحیح ہے۔

عرف صحیح کی مثال:

عقد استضاع ہے اسی طرح مہر کو مؤجل اور معجل میں تقسیم کرنا یا نکاح کے پیغام کے وقت جو زیور اور کپڑا لڑکی کو دیا جاتا ہے وہ ہدیہ ہے مہر نہیں۔ یہ سب عرف صحیح ہے جس کی رعایت کی جائے گی۔

عرف فاسد کی تعریف:

اور ایسا رواج کہ اگر اس کو قبول کر لیا جائے تو کسی نص پر عمل فوت ہو جائے یا وہ مزاج شریعت کے تسلیم شدہ اصول و قواعد سے متصادم ہو عرف فاسد کہلاتا ہے۔

عرف فاسد کی مثال:

جیسے سودی معاملات، زنا کا عموم، اور عورتوں کو میراث سے محروم کرنا، عورت و مرد کی مخلوط تعلیم یا اجلاس کرنا یہ عرف فاسد ہے۔ اس عرف کی رعایت نہیں کی جائے گی اس لیے کہ اس کی رعایت کرنے میں نص کا ابطال لازم آئے گا۔[2]

حنفی فقہاء نے عرف کی حجیت کے لیے قرآن، حدیث، اجماع اور عقل سے دلائل پیش کیے ہیں:

امام سرخسی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ہمارے اصحاب نے عرف کے اعتبار پر دلیل لی ہے اللہ تعالیٰ کے قول سے: 'عرف کا حکم دو اور اس قول سے: 'اور عورتوں کے لیے ویسے ہی حقوق ہیں جیسے ان پر ذمہ داریاں ہیں معروف طریقے سے۔ پس اللہ نے عورتوں کے حقوق میں حکم کو معروف یعنی عرف کے ساتھ معلق کیا۔"[3]

---

[1] :۔ السرخسی، شمس الائمہ محمد بن احمد۔ المبسوط جلد 14، ص۔ 23۔ قاہرہ: دار الحدیث۔ 2019۔

[2] :۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر۔ مجموعۃ رسائل ابن عابدین 2/115۔ قاہرہ، مصر: المطبعۃ العامرۃ الشرفیہ۔ 1905۔

[3] :۔ السرخسی، شمس الائمہ محمد بن احمد۔ المبسوط جلد 11، ص۔ 97۔ قاہرہ: دار الحدیث۔ 2019۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

امام ابن نجیم رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اور سنت سے نبی ﷺ کا قول ہے: 'مسلمان جس چیز کو بھلا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی بھلی ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عام عرف معتبر ہے۔"[1]

امام سرخسی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین نے بہت سے مسائل میں عرف کے اعتبار پر اجماع کیا ہے، جیسا کہ نفقہ، مہر اور اجرت کی مقدار کے تعین میں۔"[2]

امام ابن عابدین رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اور عقلی دلیل یہ ہے کہ شارع اللہ تعالیٰ تو خلق کی مصلحتوں کو مکمل کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے، اور عرف ان کی مصلحتوں اور ضرورتوں کی طرف راہنمائی کرتا ہے، لہٰذا وہ مردود نہیں ہو سکتا۔"[3]

حنفی فقہاء نے عرف کے معتبر ہونے کے لیے کئی شرائط وضع کی ہیں:

1. نص کے خلاف نہ ہو

امام سرخسی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ترجمہ: "پہلی شرط: یہ کہ عرف کسی نص یا اجماع کے خلاف نہ ہو۔ اگر وہ مخالف ہو تو وہ عرف فاسد ہے اور معتبر نہیں۔[4]

بعض عرف اس طرح کے ہوتے ہیں کہ جن کو شریعت نے اگرچہ اپنے حکم کے لیے علت نہیں بناتی لیکن جس چیز کو علت بناتی ہے اس عرف کی وجہ سے حکم کی علت ختم ہو جاتی ہے۔ اس طرح کے عرف کے ذریعہ بھی حکم شرعی میں تبدیلی آجاتی ہے لیکن اس کو عرف کی وجہ سے تعبیر کرنا صحیح نہیں ہے، بلکہ یہ علت کی وجہ سے حکم کی تبدیلی ہے اس لیے کہ جو حکم علت کے ساتھ معلول ہو علت کے زائل ہونے سے حکم بھی زائل ہو جاتا ہے۔ جیسے شروط فاسدہ اور عرف، یعنی فقہاء نے نہی عن بیع و شرط سے دو شرط کو مستثنیٰ کیا ہے:

- ✓ خیار کی شرط
- ✓ جو شرط لوگوں کا عرف بن جائے، اس لیے کہ بیع کے ساتھ شرط کی ممانعت کی جو علت تھی وہ ان دونوں شرطوں میں نہیں پائی جاتی ہے۔

2. عام اور مستقل ہو

3. پہلے سے موجود ہو

4. عقل اور فطرت کے مطابق ہو

[1] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔ الاشباہ والنظائر ص۔ 91۔ دمشق: دار الفکر۔ 1999۔

[2] :۔ ایضا۔ المبسوط جلد 11، ص۔ 98۔ قاہرہ: دار الحدیث۔

[3] :۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر۔ مجموعۃ رسائل ابن عابدین 2/47۔ قاہرہ، مصر: المطبعۃ العامرۃ الشرفیہ۔ 1905۔

[4] :۔ السرخسی، شمس الائمہ محمد بن احمد۔ المبسوط جلد 4، ص۔ 24۔ قاہرہ: دار الحدیث۔ 2019۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

عرف و قیاس کے تعارض کی مثالیں

1) بیع عینہ کا مسئلہ

عربی زبان میں عینہ کا مادہ عین ہے، جس کے معنی نقد رقم کے ہیں۔

"العِينةُ: أَن يبيعَ سِلعَةً بثَمَنٍ مَعْلُومٍ إلى أَجَلٍ مُسَمًّى، ثُمَّ يشتَرِيها مِنَ المُشتَرِي بثَمَنٍ نَقْدٍ أَقَلَّ مِمَّا باعَها بِهِ[1]."

ترجمہ: عینہ یہ ہے کہ کوئی سامان ایک متعین مدت کے ادھار پر کسی قیمت میں فروخت کیا جائے، پھر وہی سامان اسی خریدار سے بیچی گئی قیمت سے کم قیمت پر نقد واپس خرید لیا جائے۔

فقہِ حنفی کی روشنی میں علامہ ابنِ نجیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"صُورَتُهَا أَنْ يبيعَ عَينًا بعَشَرَةٍ إلَى أَجَلٍ، ثُمَّ يشْتَرِيهَا مِمَّنْ باعَهَا مِنْهُ بخَمْسَةٍ نَقْدًا. "[2]

ترجمہ: اس کی صورت یہ ہے کہ ایک چیز عین دس روپے میں ادھار پر بیچی جائے، پھر وہی چیز اسی شخص سے پانچ روپے نقد میں واپس خرید لی جائے۔

دراصل قرض پر سود لینے کا ایک قانونی حیلہ ہے، جس میں ایک ہی سامان کو دو مرتبہ بیچا اور خریدا جاتا ہے تاکہ نقد رقم کا تبادلہ ہو سکے اور درمیان میں منافع کی صورت میں سود حاصل کیا جا سکے۔ **قیاس** کے ہاں بیع عینہ فروخت کر کے واپس خریدنا قیاساً جائز ہو سکتا ہے کیونکہ اس میں دو الگ الگ بیع ہوتی ہیں اور **عرف** کے ہاں لوگوں کے عرف میں یہ سود کی ایک صورت ہے، اس لیے اسے ناجائز سمجھا جاتا ہے۔

امام سرخسی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وَإِنْ كانَ الْقِياسُ يقْتَضِي جَوَازَ بيعِ الْعِينَةِ، لَكِنَّ الْعُرْفَ الْجَارِي بينَ النَّاسِ أَنَّهَا حِيلَةٌ عَلَى الرِّبا، فَيُتْرَكُ الْقِياسُ لِلْعُرْفِ[3]"

اگرچہ قیاس بیع عینہ کے جواز کا تقاضا کرتا ہے، لیکن لوگوں میں رائج عرف یہ ہے کہ یہ سود پر حیلہ ہے، لہٰذا عرف کی وجہ سے قیاس کو چھوڑ دیا جائے گا۔ مثلاً آسان الفاظ میں اس کو یوں سمجھا جائے کہ جیسا کہ! ایک شخص کا کاروبار ہے، کہ لوگوں کو موبائل فونز قسطوں پر بیچتا ہے، اب ایک شخص کو نقد پیسوں کی ضرورت ہے، اور یہ شخص اس کاروباری شخص کے پاس آتا ہے اور موبائل فون قسطوں پر مانگتا ہے، اور یہ ضرورت مند شخص دوبارہ اسی دکاندار کو مجلس بدل کر نقد پر پانچ سو یا ہزار کم کر کے فروخت کرتا ہے۔ اب صورت ہذا جائز ہے یا ناجائز؟ تو اس صورت میں یہ کہا جائے گا کہ!

ضرورت مند شخص کا مقصد موبائل فون نہیں، بلکہ اُسے نقد پیسوں کی ضرورت ہے، اور مذکورہ کاروباری شخص سودی قرضہ کے لئے بطورِ حیلہ کے موبائل فون کا لین دین کر رہا ہے، جو کہ بیع عینہ کی ایک صورت ہے، اور بیع عینہ شرعاً مکروہ تحریمی اور ناجائز ہے، کیونکہ یہ سود خوری ہی کا ایک طریقہ ہے، اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قسم کے عقد کو رسوائی اور ذلت کا سبب قرار دیا ہے، جیسا کہ "سنن ابی داؤد" میں بروایت حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان منقول ہے کہ جب تک تم بیع عینہ کرتے رہو گے اور جانوروں کی دیکھ بھال میں لگے رہو گے اور زراعت میں گم ہو جاؤ گے اور جہاد چھوڑ دو گے تو اللہ تم پر ذلت و رسوائی مسلط کر دے گا، یہاں تک کہ تم دوبارہ دین کی طرف نہ لوٹ آؤ۔

---

[1] :۔ حوالہ: ابن منظور، محمد بن مکرم۔ لسان العرب 13/304۔ بیروت، لبنان: دار صادر۔ 1993۔

[2] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔ الأشباہ والنظائر علی مذہب أبی حنیفۃ النعمان ص: 92۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیۃ۔ 1999۔

[3] :۔ سرخسی، محمد بن احمد۔ المبسوط 13/56۔ بیروت، لبنان: دار المعرفۃ۔ 1993۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

2. اجارہ میں اجرت کا تعین

ایسے ہی فقہِ اسلامی میں اجارہ کرایہ یا مزدوری کے صحیح ہونے کے لیے اجرت کا متعین معلوم ہونا بنیادی شرط ہے۔ اگر اجرت معلوم نہ ہو تو جہالت کی وجہ سے عقد فاسد ہو جاتا ہے۔ البتہ، اگر کسی معاملے میں اجرت طے نہ ہو تو وہاں اجرِ مثل مارکیٹ ریٹ / عرف کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

امام کاسانی رحمہ اللہ علیہ اجارہ کی شرائط بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وَمِنْهَا أَيْ مِنْ شُرُوطِ الصِّحَّةِ: أَنْ تَكُونَ الْأُجْرَةُ مَعْلُومَةً، فَلَا يَصِحُّ مَعَ جَهَالَةِ الْأُجْرَةِ؛ لِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: مَنِ اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا فَلْيُعْلِمْهُ أَجْرَهُ.[1]"

اور صحتِ اجارہ کی شرائط میں سے یہ ہے کہ اجرت معلوم ہو، پس اجرت کی جہالت کے ساتھ اجارہ صحیح نہیں ہو گا؛ کیونکہ نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی مزدور کو اجرت پر رکھا، اسے چاہیے کہ وہ اسے اس کی اجرت بتا دے۔

مالکیہ کے نزدیک بھی اجرت کا تعین ضروری ہے، امام قرطبی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"الْإِجَارَةُ لَا تَجُوزُ إِلَّا بِأُجْرَةٍ مَعْلُومَةٍ وَقَدْرٍ مَعْلُومٍ، فَإِنْ كَانَتْ مَجْهُولَةً لَمْ تَجُزْ لِأَنَّهُ غَرَرٌ.[2]"

اجارہ جائز نہیں ہوتا مگر معلوم اجرت اور معلوم مقدار کے ساتھ، پس اگر اجرت مجہول ہو تو یہ جائز نہیں کیونکہ یہ غرر دھوکا / خطرہ ہے۔

امام شافعی رحمہ اللہ علیہ نے صراحت کی ہے کہ کام اور اجرت دونوں واضح ہونے چاہئیں:

"وَلَا تَجُوزُ الْإِجَارَةُ إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْعَمَلُ مَعْلُومًا وَالْأَجْرُ مَعْلُومًا، فَإِذَا كَانَ أَحَدُهُمَا مَجْهُولًا فَسَدَتِ الْإِجَارَةُ.[3]"

ترجمہ: اجارہ جائز نہیں ہوتا یہاں تک کہ کام بھی معلوم ہو اور اجرت بھی معلوم ہو، پس اگر ان میں سے ایک بھی مجہول ہوا تو اجارہ فاسد ہو جائے گا۔

حنبلی فقہ میں بھی یہی اصول ہے، ابن قدامہ لکھتے ہیں:

"يُشْتَرَطُ فِي الْإِجَارَةِ كَوْنُ الْأَجْرِ مَعْلُومًا، لَا نَعْلَمُ فِي ذَلِكَ خِلَافًا.[4]"

اجارہ میں اجرت کا معلوم ہونا شرط ہے، اور ہمیں اس اصول میں فقہاء کے درمیان کوئی اختلاف معلوم نہیں ہے۔

اب اگر قیاس کو دیکھا جائے تو قیاس یہ کہتا ہے کہ اجارہ میں اجرت کا تعین عقد کے وقت صراحت سے ہونا چاہیے، جبکہ عرف کے ہاں لوگوں کے عرف میں بغیر صراحت کے بھی اجرت متعین ہو جاتی ہے اگر اس جیسی چیز کی اجرت معروف ہو۔

امام ابن عابدین رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"الْعُرْفُ جَعَلَ الْمَعْرُوفَ كَالْمَشْرُوطِ، فَإِذَا كَانَتِ الْأُجْرَةُ مَعْرُوفَةً فِي الْعُرْفِ قَامَتْ مَقَامَ الشَّرْطِ، وَيُقَدَّمُ ذَلِكَ عَلَى الْقِيَاسِ الَّذِي يَقْتَضِي الشَّرْطَ[5]"

ترجمہ: عرف نے معروف کو مشروط کی مانند بنا دیا ہے۔ جب اجرت عرف میں معروف ہو تو وہ شرط کے قائم مقام ہو جاتی ہے، اور اسے اس قیاس پر مقدم کیا جائے گا جو شرط کا تقاضا کرتا ہے۔

---

[1] :۔ کاسانی، ابو بکر بن مسعود۔ 1986۔ بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع 4/185۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیۃ۔

[2] :۔ قرطبی، محمد بن احمد۔ 1964۔ الجامع لأحکام القرآن 13/291۔ قاہرہ، مصر: دار الکتب المصریۃ۔

[3] :۔ شافعی، محمد بن ادریس۔ الأم 3/251۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ۔ 1990۔

[4] :۔ ابن قدامہ، عبد اللہ بن احمد۔ المغنی 5/312۔ قاہرہ، مصر: مکتبۃ القاھرۃ۔ 1968۔

[5] :۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر۔ رد المحتار علی الدر المختار 5/34۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیۃ۔ 1992۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

عرف کے ذریعے نص کی تقیید کی مثالیں

پہلی مثال: وصیت کی عبارت

امام سرخسی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"إِذَا قَالَ الرَّجُلُ: أَوْصَيتُ بثَوْبِي لِفُلَانٍ، فَإِنَّهُ يحْمَلُ عَلَى الْعُرْفِ، فَإِنْ كانَ الْعُرْفُ أَنَّ الثَّوْب يطْلَقُ عَلَى الْمَلْبوسِ خَاصَّةً، أُعْطِي الْمَلْبوسَ، وَإِنْ كانَ الْعُرْفُ أَنَّهُ يطْلَقُ عَلَى الثِّياب كلِّهَا، أُعْطِي الْجَمِيعَ"[1]

ترجمہ: "جب کوئی شخص کہے: 'میں نے اپنا ثوب فلاں کو وصیت کیا' تو اسے عرف پر محمول کیا جائے گا۔ اگر عرف یہ ہے کہ 'ثوب' صرف پہننے والے کپڑے پر بولا جاتا ہے تو صرف وہی دیا جائے گا۔ اور اگر عرف یہ ہے کہ یہ تمام کپڑوں پر بولا جاتا ہے تو سب دے دیے جائیں۔"

امام مرغینانی نے اپنی مشہورِ زمانہ کتاب "الہدایہ" میں اس مسئلے کی بنیاد اس اصول پر رکھی ہے کہ کلامِ انسانی کا مفہوم متعین کرنے کے لیے لغت کے مقابلے میں عرف وعادت کو ترجیح حاصل ہوتی ہے۔ ہدایہ کی تشریح کے مطابق اگرچہ لفظ "ثوب" کپڑا لغوی اعتبار سے ہر قسم کے سلے اور ان سلے کپڑے کو شامل ہے، لیکن وصیت جیسے معاملات میں اس کا وہی مطلب لیا جائے گا جو وصیت کرنے والے موصی کے معاشرے میں عام طور پر رائج ہو۔ صاحب ہدایہ اس قاعدے کو "تخصیصِ عام بالعرف" کے تحت بیان کرتے ہیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ عرف کسی عام لفظ کے دائرے کو خاص کر دیتا ہے۔ چنانچہ اگر کسی علاقے کے عرف میں "ثوب" صرف پہنے جانے والے لباس Garments کو کہا جاتا ہو اور تھان کے کپڑوں کو اس میں شامل نہ سمجھا جاتا ہو، تو وصیت صرف ملبوسات تک محدود رہے گی۔ ہدایہ کے مطابق کلام کو لغو ہونے سے بچانے اور متکلم کی اصل مراد تک پہنچنے کے لیے "العرف محکم" کا اصول ہی فیصلہ کن ثابت ہوتا ہے تاکہ وصیت میں کسی ایسی چیز کو شامل نہ کیا جائے جو موصی کے عرف میں اس لفظ کے تحت نہ آتی ہو۔[2]

دوسری مثال: طلاق کی عبارت

امام ابن عابدین رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"أَلْفَاظُ الطَّلَاقِ تُحْمَلُ عَلَى الْعُرْفِ، فَمَا تَعَارَفَهُ النَّاسُ طَلَاقًا يقَعُ، وَمَا لَا يتَعَارَفُونَ لَا يقَعُ"[3]

ترجمہ: "طلاق کے الفاظ عرف پر محمول کیے جائیں گے۔ لوگ جسے عرفاً طلاق سمجھیں وہ واقع ہو گی، اور جسے نہ سمجھیں وہ واقع نہیں ہو گی۔

علامہ ابن عابدین شامی کی اس عبارت کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ طلاق کے وہ الفاظ جو صریح بالکل صاف نہیں ہیں بلکہ کنایہ اشارہ کنایہ ہیں، ان کا فیصلہ اس معاشرے کے رواج اور بول چال عرف پر ہو گا۔ ہدایہ اور دیگر کتب فقہ کی تشریح کے مطابق، اگرچہ لغت میں کسی لفظ کے کئی معنی ہو سکتے ہیں، لیکن اگر کسی علاقے کے لوگ کسی خاص جملے کو صرف طلاق ہی کے لیے استعمال کرتے ہوں، تو بولنے والے کی نیت پوچھے بغیر طلاق واقع ہو جائے گی کیونکہ وہاں وہ لفظ "عرفِ عام" میں طلاق کا نعم البدل بن چکا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی لفظ لغوی طور پر سخت ہو لیکن عرف میں اسے طلاق کے

[1] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔ الأشباہ والنظائر علی مذہب أبی حنیفۃ النعمان ص:92۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیۃ۔ 1999۔

[2] :۔ حوالہ: المرغینانی، برہان الدین ابو الحسن علی۔ الہدایہ فی شرح بدایۃ المبتدی جلد 4، ص۔ 452۔ کراچی: دار البشائر۔ 2008۔

[3] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔ الأشباہ والنظائر علی مذہب أبی حنیفۃ النعمان ص:90۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیۃ۔ 1999۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

لیے استعمال نہ کیا جاتا ہو، تو محض اس کے بولنے سے طلاق واقع نہیں ہو گی جب تک کہ بولنے والے کی اپنی نیت طلاق کی نہ ہو۔ علامہ شامی علیہ الرحمہ کے اس اصول کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نکاح جیسے اہم معاملے میں لوگوں کی گفتگو کو ان کے مقامی ماحول اور محاورے کی روشنی میں سمجھا جائے تاکہ کسی پر ناحق طلاق واقع نہ ہو اور نہ ہی کوئی صریح عرفی طلاق سے انکار کر سکے۔

فقہاء احناف نے عرف کے حوالے سے متعدد قواعد وضع کیے ہیں جو درج ذیل ہیں:

1. "اَلْعُرْفُ مُحَكَّمٌ"

فقہ حنفی کے قواعد میں سے ہے: عرف کو حکم مانا جاتا ہے، اور عادت کو حکم مانا جاتا ہے۔

2. "اَلْمَعْرُوفُ عُرْفًا كَالْمَشْرُوطِ شَرْطًا"

جو چیز عرفاً معروف ہو وہ شرطاً مشروط کی مانند ہے، اور معاملات میں جو عرف جاری ہو وہ عقود میں مشروط کی طرح ہے۔"

3. "اَلْحَقِيقَةُ تُتْرَكُ بِدَلَالَةِ الْعُرْفِ"

جب حقیقت اور عرف میں تعارض ہو تو عرف کو حقیقت پر مقدم کیا جائے گا۔"

4. "لَا يُنْكَرُ تَغَيُّرُ الْأَحْكَامِ بِتَغَيُّرِ الْأَزْمَانِ"

"حنفیہ کے قواعد میں سے ہے: زمانوں کی تبدیلی سے احکام کی تبدیلی کا انکار نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ عرف کی تبدیلی احکام کی تبدیلی کا سبب بنتی ہے۔[1]

فقہ حنفی میں عرف و عادت محض ایک سماجی رواج نہیں بلکہ ایک مضبوط شرعی حجت ہے، جس پر بے شمار فقہی احکام کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ علیہ اور ان کے جلیل القدر تلامذہ کے نزدیک عرف کو یہ مقام حاصل ہے کہ جہاں نص قرآن و سنت خاموش ہو، وہاں عرف کو قانون کا درجہ دیا جاتا ہے۔ فقہائے احناف کا یہ مشہور قاعدہ "الثابت بالعرف کالثابت بالنص" اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ عرف کو ثبوتِ حکم میں کتنا بلند مرتبہ حاصل ہے۔ عرف کی حجیت کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ شریعتِ اسلامیہ کا مقصد لوگوں کے لیے آسانی پیدا کرنا اور تنگی کو دور کرنا ہے۔ اگر معاشرے میں رائج ان معاملات کو کالعدم قرار دے دیا جائے جو نصِ شرعی سے متصادم نہیں، تو لوگوں کے لیے روزمرہ کے لین دین میں شدید مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔[2]

حاصلِ کلام یہ ہے کہ فقہ حنفی میں عرف و عادت محض ایک ثانوی ذریعہ نہیں بلکہ ایک ایسی قوی حجت اور دلیل ہے جو نص کی عدم موجودگی میں قانونی خلا کو پُر کرتی ہے اور نصِ عام کی تخصیص یا مطلق کی تقیید تک کا درجہ رکھتی ہے

[1] :۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔ الأشباہ والنظائر علی مذہب أبی حنیفۃ النعمان ص:92/84/97۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیۃ۔ 1999۔

[2] :۔ قاسمی، محمد مصعب۔ شریعت میں عرف کا اعتبار اور اس کے حدود و قیود ص:52/66/78/99۔ دیوبند، انڈیا: مکتبہ النور۔ 2016۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

فقہ مالکی میں عرف کی حیثیت و حجت

فقہ مالکی میں عرف و عادت کی شرعی حیثیت اور حجیت دیگر فقہی مذاہب کے مقابلے میں زیادہ گہری اور ہمہ گیر ہے، کیونکہ امام مالک رحمہ اللہ علیہ کے نزدیک عرف کا تعلق براہِ راست "مصالح مرسلہ" اور "عملِ اہل مدینہ" جیسے کلیدی مآخذ سے ہے۔ مالکی فقہاء کے نزدیک یہ ایک مسلمہ قانونی قاعدہ ہے کہ "العرف قاضٍ علی اللفظ" یعنی عرف لغوی الفاظ پر حاکم اور قاضی کی حیثیت رکھتا ہے؛ چنانچہ جب کسی معاملے میں کلام کے لغوی معنی اور رائج عرف میں تعارض پیدا ہو، تو مالکی مسلک میں عرف کو ترجیح دی جاتی ہے تاکہ انسانی معاملات میں "حرج" اور تنگی پیدا نہ ہو۔ امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ نے اپنی مایہ ناز تصنیف "الموافقات" میں اس نکتے کی صراحت فرمائی ہے کہ شریعتِ اسلامیہ نے انسانی عادات کا مکمل اعتبار کیا ہے، لہٰذا جو عرف کسی قطعی شرعی نص سے متصادم نہ ہو، اس کی پیروی واجب ہے۔ اسی طرح امام قرافی رحمہ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "الاحکام" میں اس حقیقت پر زور دیا ہے کہ جو احکام عرف پر مبنی ہوتے ہیں، وہ عرف کے بدلنے سے لازماً بدل جاتے ہیں، اور ان کے نزدیک بدلے ہوئے حالات میں پرانے منقولہ فتاویٰ پر جمے رہنا دین کی صحیح سمجھ سے دوری ہے۔ فقہ مالکی میں عرف اس قدر قوی حجت ہے کہ یہ نصوصِ عامہ کی تخصیص اور مطلق احکام کی تقیید کا ذریعہ بھی بنتا ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مالکی فقہ میں عرف محض ایک تائیدی دلیل نہیں بلکہ ایک مستقل قانونی ماخذ ہے جو معاشرتی تغیرات کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلتا ہے۔

فقہ اسلامی کی عظیم روایات میں فقہ مالکی کا مقام منفرد ہے۔ امام مالک بن انس رحمہ اللہ علیہ متوفی 179ھ نے مدینہ منورہ کے اس فقہی ماحول میں اپنا مکتب فکر قائم کیا جو خود نبی کریم ﷺ کے شہر کی فقہ تھی۔ مدینہ کا عمل عمل اہل مدینہ ان کے نزدیک اجماع کی ایک صورت تھا، اور یہ درحقیقت عرف کی اعلیٰ ترین شکل ہے۔

فقہ مالکی کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس نے "عمل اہل مدینہ" اور "عرف" کو غیر معمولی اہمیت دی۔ امام مالکؒ کا منہج یہ تھا کہ وہ نصوص کے ساتھ ساتھ لوگوں کے درمیان رائج عرف اور عمل کو بھی پیش نظر رکھتے تھے۔ ان کے نزدیک شریعت کی روح اور مقاصد مقاصد الشریعہ کا تحفظ اس وقت ممکن ہے جب عرف کو نظر انداز نہ کیا جائے۔

مالکی فقہاء نے ایک مشہور ضابطہ وضع کیا:

"الْعُرْفُ شَرْطٌ كَالشَّرْطِ اللَّفْظِي بلْ أَقْوَى"[29]

یعنی عرف لفظی شرط کی طرح ہے، بلکہ اس سے بھی زیادہ قوی ہے۔

[29] :۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر۔ مجموعہ رسائل ابن عابدین جلد2، ص۔115۔لاہور: سہیل اکیڈمی۔1901۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

تعریفات العرف عند المالکیہ:

فقہاء مالکیہ نے بھی نے عرف کی متعدد تعریفات کی ہیں، جو درج ذیل ہیں:

1) امام مالک بن انس رحمہ اللہ علیہ سے عرف کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا:

ترجمہ: "عرف وہ ہے جسے لوگ اپنے معاش اور معاملات میں استعمال کریں، بشرطیکہ وہ کتاب اللہ اور سنت نبی کے خلاف نہ ہو۔"[30]

2) امام شمس الدین القرطبی رحمہ اللہ علیہ متوفی 671ھ جو مالکی المذہب ہیں، فرماتے ہیں:

"الْعُرْفُ: مَا تَعَارَفَهُ النَّاسُ فِي مُعَامَلَاتِهِمْ وَمَشْرَبِهِمْ وَمَلْبَسِهِمْ وَمَسْكَنِهِمْ، وَجَرَى بِهِ الْعَمَلُ بَيْنَهُمْ مِنْ غَيْرِ نَصٍّ يُخَالِفُهُ"[31]

ترجمہ: "عرف وہ ہے جسے لوگ اپنے معاملات، کھانے پینے، پہننے اور رہن سہن میں باہم جانتے ہوں، اور ان کے درمیان اس پر عمل جاری ہو، بشرطیکہ کوئی نص اس کے خلاف نہ ہو۔"

3) امام ابو اسحاق الشاطبی رحمہ اللہ علیہ متوفی 790ھ جو مالکی مکتب کے عظیم ترین اصولی ہیں، فرماتے ہیں:

"الْعُرْفُ: مَا اسْتَقَرَّتْ عَلَيْهِ النُّفُوسُ وَسَكَنَتْ إِلَيْهِ الطَّبَائِعُ مِنَ الْأُمُورِ الْعَادِيَّةِ، وَكَانَ لَهُ قُوَّةٌ فِي الْقُلُوبِ بِحَيْثُ يَصِيرُ كَأَنَّهُ مِنَ الْفِطْرَةِ الْأَصْلِيَّةِ"[32]

ترجمہ: "عرف وہ ہے جس پر نفوس مستقر ہو جائیں اور طبائع اس سے سکون پائیں عادی امور میں، اور یہ دلوں میں اتنی قوت رکھتا ہو کہ گویا وہ فطرت اصلیہ کا حصہ بن جائے۔"

فقہاء مالکیہ کے نزدیک عرف کی اقسام:

مالکی فقہاء نے عرف کو متعدد اعتبارات یعنی باعتبارِ ماہیت قولی و فعلی، باعتبارِ دائرہ کار عام و خاص، باعتبارِ شرعی حیثیت صحیح و فاسد سے تقسیم کیا ہے ہم مختصر ا ان کا جائزہ لیتے ہیں:

1. عرف عام و عرف خاص

امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

عام وہ جو تمام شہروں میں لوگوں کی اکثریت کے درمیان جاری ہو۔ اور خاص وہ جو کسی خاص صنعت یا خاص شہر والوں میں جاری ہو۔[33]"

1. عرف قولی و عرف عملی

عرفِ قولی:

اس سے مراد وہ الفاظ یا اصطلاحات ہیں جو کسی خاص معاشرے میں اپنے لغوی معنی کے بجائے کسی دوسرے مخصوص معنی میں مشہور ہو جائیں۔

[30] :۔ ابن رشد، ابو الولید محمد بن احمد۔ المقدمات الممهدات جلد 1، ص۔234۔ بیروت: دار الغرب الإسلامي۔1988۔

[31] :۔ القرطبی، ابو عبد اللہ محمد بن احمد۔ الجامع لاحکام القرآن جلد2، ص۔96۔ بیروت: مؤسسۃ الرسالہ۔2006۔

[32] :۔ الشاطبی، ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ۔۔ الموافقات فی اصول الشریعہ جلد2، ص۔285۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔1997

[33] :۔ الشاطبی، ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ۔ الموافقات فی اصول الشریعہ جلد2، ص۔287۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔1997۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

عرفِ فعلی عملی:

اس سے مراد لوگوں کے وہ کام یا لین دین کے طریقے ہیں جو معاشرے میں رواج پا چکے ہوں، جیسے "بیعِ تعاطی" بغیر زبان سے کہے محض چیز لینے اور پیسے دینے سے سودا مکمل ہو جانا۔

3. عرف صحیح و عرف فاسد

امام قرطبی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

عرف صحیح وہ ہے جو کسی نص کے خلاف نہ ہو۔ اور عرف فاسد وہ ہے جو کسی نص یا اجماع کے خلاف ہو۔ پہلے پر عمل کیا جائے گا اور دوسرے کو رد کر دیا جائے گا۔[34]"

مالکی فقہاء نے عرف کی حجیت کے لیے قرآن، سنت، عمل اہل مدینہ اور مقاصد شریعہ سے دلائل پیش کیے ہیں:

امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ترجمہ: "مالکیہ نے عرف کے اعتبار پر دلیل لی ہے اللہ تعالیٰ کے قول سے: 'عرف کا حکم دو اور اس قول سے: اور عورتوں کے لیے ویسے ہی حقوق ہیں جیسے ان پر ذمہ داریاں ہیں معروف طریقے سے اور اس قول سے: 'اور ان کے ساتھ معروف طریقے سے زندگی گزارو یہ نصوص اس بات کی دلیل ہیں کہ معروف جو عرف ہے شریعت میں معتبر ہے۔"[35]

امام ابن رشد الجد رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ترجمہ: "اور سنت سے نبی ﷺ کا قول ہے: 'مسلمان جس چیز کو بھلا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی بھلی ہے' مسند احمد۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عام عرف جس پر مسلمان مستقر ہو گئے ہوں وہ حجت ہے۔[36]

مالکی فقہ کی سب سے نمایاں دلیل "عمل اہل مدینہ" ہے جو درحقیقت عرف کی اعلیٰ ترین شکل ہے۔

امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"عَمَلُ أَهْلِ الْمَدِينَةِ عِنْدَ مَالِكٍ حُجَّةٌ، وَهُوَ لَيْسَ إِلَّا عُرْفًا خَاصًّا بِأَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ فِي ذَلِكَ الْبَلَدِ، ثُمَّ هُوَ فِي الْحَقِيقَةِ أَصْلٌ مِنْ أُصُولِ اعْتِبَارِ الْعُرْفِ عَامَّةً"[37]

ترجمہ: "مالک کے نزدیک عمل اہل مدینہ حجت ہے، اور یہ درحقیقت اس شہر کے اہل علم و فضل کا خاص عرف ہے، پھر یہ حقیقت میں عرف کے اعتبار کا ایک اصل ہے۔"

امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ نے مقاصد شریعہ کے ذریعے عرف کی حجیت کو مضبوط کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

---

[34] :۔ القرطبی، ابو عبد اللہ محمد بن احمد۔ الجامع لاحکام القرآن جلد 2، ص۔178۔ بیروت: مؤسسۃ الرسالہ۔2006۔

[35] :۔ لشاطبی، ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ۔ الموافقات فی اصول الشریعہ جلد 2، ص۔289۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔1997۔

[36] :۔ ابن رشد، ابو الولید محمد بن احمد۔ المقدمات الممہدات جلد 1، ص۔237۔ بیروت: دار الغرب الإسلامی۔1988۔

[37] :۔ الشاطبی، ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ۔ الموافقات فی اصول الشریعہ جلد 3، ص۔112۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔1997۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

"وَمِنَ الْمَقَاصِدِ الْعَامَّةِ لِلشَّرِيعَةِ: رَفْعُ الْحَرَجِ وَجَلْبُ الْمَصَالِحِ. وَالْعُرْفُ هُوَ الطَّرِيقُ الَّذِي يَدُلُّ عَلَى مَصَالِحِ النَّاسِ فِي زَمَانِهِمْ وَمَكَانِهِمْ، فَلَا يَكُونُ مُهْمَلًا"[38]

ترجمہ: "اور شریعت کے عمومی مقاصد میں سے ہے: حرج کا اٹھانا اور مصالح کا حصول۔ عرف وہ راستہ ہے جو لوگوں کی مصلحتوں کی طرف ان کے زمانے اور مکان میں راہنمائی کرتا ہے، لہٰذا اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔"

شرائط العرف عند المالکیہ:

مالکی فقہاء نے عرف کے معتبر ہونے کے لیے کئی شرائط وضع کی ہیں:

1. نص کے خلاف نہ ہو
2. عام اور مستقل ہو
3. قدیم اور مستقر ہو
4. فساد اور خرابی کا باعث نہ ہو

مالکی فقہ میں عرف کو قیاس پر مقدم کیا جاتا ہے، خاص طور پر جہاں قیاس سے سخت گیری پیدا ہوتی ہو، امام شاطبیؒ فرماتے ہیں:

"الْمَالِكِيَّةُ يُقَدِّمُونَ الْعُرْفَ عَلَى الْقِيَاسِ الْمُجَرَّدِ، لِأَنَّ الْعُرْفَ أَقْرَبُ إِلَى مَقَاصِدِ الشَّارِعِ، وَأَرْفَقُ بِالنَّاسِ"[39]

ترجمہ: "مالکیہ عرف کو مجرد قیاس پر مقدم کرتے ہیں، کیونکہ عرف شارع کے مقاصد کے زیادہ قریب ہے اور لوگوں کے لیے زیادہ آسان ہے۔"

عرف و قیاس کے تعارض کی مثالیں

پہلی مثال: بیع کے الفاظ میں تسامح

بیع کے الفاظ میں تسامح سے مراد وہ نرمی یا وسعت ہے جس کے تحت خرید و فروخت کے معاملے میں استعمال ہونے والے الفاظ میں معمولی لغزش یا لغوی گہرائی کے بجائے فریقین کی نیت اور عرفِ عام لوگوں میں رائج طریقے کو اہمیت دی جاتی ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک بیع کے الفاظ میں تسامح کی بڑی اہمیت ہے کیونکہ ان کے فقہی منہج میں الفاظ سے زیادہ مقاصد اور معنی کو ترجیح دی جاتی ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک بیع صرف مخصوص عربی الفاظ جیسے "بعتُ" یا "اشتریتُ" تک محدود نہیں ہے، بلکہ ہر وہ لفظ یا اشارہ جو فریقین کی رضامندی کو واضح کر دے، بیع کے انعقاد کے لیے کافی ہے۔ ان کے نزدیک بیع میں اصل چیز "تراضي" دونوں کی خوشی ہے، لہٰذا اگر الفاظ میں کوئی لغوی غلطی ہو یا بولنے والا ایسے الفاظ استعمال کرے جو صریح نہ ہوں لیکن عرف میں ان سے مراد خرید و فروخت ہی لی جاتی ہو، تو اسے تسامح کے طور پر قبول کیا جائے گا اور عقد صحیح تسلیم ہو گا۔ اسی تسامح کی بنیاد پر امام مالک رحمہ اللہ کے ہاں "بیعِ تعاطي" بھی جائز ہے، جس میں فریقین زبان سے کوئی لفظ ادا نہیں کرتے بلکہ صرف لین دین کے عمل سے سودا مکمل کر لیتے ہیں۔ ان کے نزدیک زبان کا تسامح یا الفاظ کی کمی بیشی معاملے کو اس وقت تک خراب نہیں کرتی جب تک کہ فریقین کی مراد اور چیز کی قیمت و مقدار واضح ہو۔ اگر کسی نے مذاق میں یا غیر سنجیدہ انداز میں ایسے الفاظ کہے جن سے بیع کا شبہ ہوتا ہو لیکن اس کی نیت بیع کی نہ ہو، تو امام

[38] :۔ ایضا، الموافقات فی اصول الشریعہ جلد2، ص۔291۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔

[39] :۔ الشاطبی، ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ۔ الموافقات فی اصول الشریعہ جلد3، ص۔115۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔1997۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

مالک رحمہ اللہ کے نزدیک وہاں الفاظ کے بجائے نیت کا اعتبار ہو گا، جو کہ فقہی لچک اور تسامح کی ایک بڑی مثال ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کا یہ اسلوب عملِ اہل مدینہ اور معاشرتی عرف کے عین مطابق ہے، جہاں معاملات کی بنیاد محض لفظی باریکیوں پر رکھنے کے بجائے باہمی اعتماد اور واضح مفہوم پر رکھی جاتی ہے۔ ان کے نزدیک اگر عقد کے الفاظ میں کوئی ابہام ہو لیکن قرائن سے بات واضح ہو رہی ہو، تو اسے باطل قرار دینے کے بجائے درست مانا جائے گا تاکہ لوگوں کے معاملات میں تنگی پیدا نہ ہو۔

امام ابن رشد الجد رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"الْقِيَاسُ يَقْتَضِي أَنْ تَكُونَ أَلْفَاظُ الْبَيْعِ عَلَى حَقِيقَتِهَا اللُّغَوِيَّةِ، لَكِنَّ الْعُرْفَ الْجَارِي بَيْنَ النَّاسِ يُسَوِّغُ التَّسَامُحَ فِي ذَلِكَ، فَيُقَدَّمُ الْعُرْفُ"[40]

ترجمہ: "قیاس کا تقاضا ہے کہ بیع کے الفاظ اپنی لغوی حقیقت پر ہوں، لیکن لوگوں میں رائج عرف اس میں تسامح کی اجازت دیتا ہے، لہٰذا عرف کو مقدم کیا جائے گا۔"

یعنی امام مالک رحمہ اللہ علیہ اور ان کے مقلدین کے نزدیک بیع کے لیے مخصوص اور متعین الفاظ جیسے 'میں نے بیچا' یا 'میں نے خریدا' کی پابندی ضروری نہیں ہے۔ مالکیہ کے ہاں اصل اعتبار "رضائے الٰہی" اور فریقین کے "ارادے" کا ہے، نہ کہ محض لفظی صورت گری کا۔ اگر خرید و فروخت کے وقت فریقین ایسے الفاظ استعمال کریں جو لغوی طور پر بیع کے لیے وضع نہ کیے گئے ہوں، لیکن اس معاشرے کے عرف و عادت میں ان سے مراد خرید و فروخت ہی لی جاتی ہو، تو مالکی فقہ میں ایسی بیع مکمل طور پر صحیح اور نافذ تصور کی جائے گی۔ اسے ہی "الفاظ میں تسامح" کہا جاتا ہے، یعنی الفاظ کی سختی کے بجائے لوگوں کے باہمی تعامل اور عرفی مفہوم کو قبول کرنا۔

اسی اصول پر مالکیہ "بیعِ تعاطی" بغیر زبان سے کچھ کہے، محض چیز لینے اور پیسے دینے کو بھی جائز قرار دیتے ہیں، کیونکہ ان کے نزدیک عرفِ عام میں یہ عمل فروخت کرنے کی قطعی علامت ہے اور شریعت کا مقصد معاملات کو آسان بنانا ہے، نہ کہ انہیں پیچیدہ الفاظ میں الجھانا۔

دوسری مثال: اجارہ میں تسلیم کا طریقہ

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اجارہ میں تسلیم کا مفہوم یہ ہے کہ مالک کرایہ دار کو اس چیز پر ایسا مکمل اختیار اور قدرت دے دے کہ وہ بغیر کسی رکاوٹ کے اس سے فائدہ اٹھا سکے۔ اسے فقہی اصطلاح میں "تمکین" کہا جاتا ہے۔ اگر مکان یا دکان کا معاملہ ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ مالک اس جگہ کو اپنے ہر قسم کے سامان سے خالی کر کے چابیاں کرایہ دار کے حوالے کر دے۔ جب تک مالک کی کوئی چیز وہاں موجود ہے یا وہ اس کے استعمال میں کسی قسم کی رکاوٹ ڈال رہا ہے، تب تک تسلیم کا عمل مکمل نہیں مانا جائے گا۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اجارہ دراصل وقت کے ساتھ ساتھ پیدا ہونے والے منافع کی بیع ہے، اس لیے ان کے ہاں تسلیم ایک جاری رہنے والا عمل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک کرایہ دار اس چیز کو استعمال کر رہا ہے، مالک اسے نفع فراہم کر رہا ہے۔ اگر مدتِ اجارہ کے دوران کوئی ایسی صورت پیدا ہو جائے کہ کرایہ دار اس چیز سے فائدہ نہ اٹھا سکے، جیسے مکان گر جائے یا سواری کا جانور بیمار ہو جائے، تو امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اس مدت کا کرایہ ساقط ہو جائے گا کیونکہ مالک نفع کی تسلیم پر قادر نہیں رہا۔ کرایہ یا اجرت کی ادائیگی کا وجوب بھی براہِ راست تسلیم سے جڑا ہوا ہے۔ جیسے ہی مالک نے چیز کرایہ دار کے تصرف میں دے دی اور کرایہ دار

[40] :۔ ابن رشد، ابوالولید محمد بن احمد۔ المقدمات الممهدات جلد 1، ص۔ 45۔ بیروت: دار الغرب الإسلامی۔ 1988۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

اسے استعمال کرنے کے قابل ہو گیا، اب کرایہ دار پر اجرت ادا کرنا لازم ہو جاتا ہے، چاہے وہ اسے عملاً استعمال کرے یا اپنی مرضی سے چھوڑ دے۔ تاہم، تسلیم کے لیے یہ شرط ہے کہ وہ چیز اسی حالت میں ہو جس کے لیے معاہدہ کیا گیا ہے۔ مثلاً اگر زراعت کے لیے زمین لی گئی ہے تو اس کی تسلیم تبھی درست ہو گی جب وہ کھیتی کے قابل ہو اور وہاں پانی کا انتظام ہو سکے۔

امام قرافی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"الْقِيَاسُ يَقْتَضِي أَنْ يَكُونَ التَّسْلِيمُ فِي الْإِجَارَةِ بِصُورَةٍ مَخْصُوصَةٍ، لَكِنَّ الْعُرْفَ يَخْتَلِفُ باخْتِلَافِ الْبُلْدَانِ، فَيُعْمَلُ بِالْعُرْفِ فِي كُلِّ بَلَدٍ"[41]

ترجمہ: "قیاس کا تقاضا ہے کہ اجارہ میں تسلیم ایک خاص صورت میں ہو، لیکن عرف شہروں کے مطابق مختلف ہوتا ہے، لہٰذا ہر شہر میں عرف کے مطابق عمل کیا جائے گا۔"

مالکی فقہ کی سب سے نمایاں خصوصیت "عمل اہل مدینہ" ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ علیہ کے نزدیک مدینہ منورہ کے اہل علم کا عمل اجماع کی ایک صورت ہے اور یہ درحقیقت عرف کی اعلیٰ ترین شکل ہے، امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"عَمَلُ أَهْلِ الْمَدِينَةِ عِنْدَ مَالِكٍ هُوَ الْعُرْفُ الْأَصْلِي الَّذِي تَلَقَّتْهُ الْأُمَّةُ بِالْقَبُولِ، وَهُوَ عُرْفٌ مُسْتَنِدٌ إِلَى سَنَةٍ فِعْلِيَّةٍ مُتَوَاتِرَةٍ"[42]

ترجمہ: "مالک کے نزدیک عمل اہل مدینہ وہ اصلی عرف ہے جسے امت نے قبول کیا، اور یہ ایک فعلی سنت متواترہ پر مبنی عرف ہے۔"

قواعد العرف عند المالکیہ:

امام مالک رحمہ اللہ کا فقہی مکتبہ فکر اپنی وسعت اور لچک کی وجہ سے ممتاز ہے، جس میں انسانی زندگی کے رواج اور معاشرتی رویوں کو شرعی احکامات کی تفہیم میں کلیدی حیثیت دی گئی ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عرف محض ایک ثانوی چیز نہیں، بلکہ ایک ایسی مضبوط بنیاد ہے جس پر معاملات کی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔ ان کے فقہی اصولوں کے مطابق، جب معاشرے میں کوئی بات بطورِ رواج جڑ پکڑ لیتی ہے، تو وہ قانونی طور پر ایک طے شدہ شرط کی مانند ہو جاتی ہے۔ اسی تناظر میں مالکیہ کے ہاں یہ اہم قواعد رائج ہیں کہ:

الْعُرْفُ شَرْطٌ كَالشَّرْطِ اللَّفْظِي بلْ أَقْوَى"

امام قرافی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

عرف لفظی شرط کی طرح ہے بلکہ اس سے زیادہ قوی ہے، کیونکہ لفظی شرط کو لوگ بھول سکتے ہیں جبکہ عرف کو نہیں بھولتے۔"

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اس قاعدے کے مطابق اس عظیم فقہی بصیرت کی عکاسی کرتا ہے کہ معاملات میں زبان سے کہے گئے الفاظ ہی سب کچھ نہیں ہوتے، بلکہ معاشرے کا رواج ان الفاظ کا متبادل یا ان سے بھی زیادہ طاقتور ثابت ہوتا ہے۔ اس قاعدے کی تشریح یہ ہے کہ جب کسی علاقے کے لوگ خرید و فروخت، اجارہ یا دیگر معاملات میں ایک خاص طریقے کے عادی ہو جائیں، تو وہ رواج ایک "خاموش شرط" بن جاتا ہے۔ اگرچہ فریقین معاہدہ کرتے وقت اس رواج کا زبان سے تذکرہ نہ بھی کریں، تب بھی امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک وہ معاہدہ اسی عرفی شرط پر مبنی سمجھا جائے گا، گویا

[41] :۔ القرافی، ابو العباس احمد بن ادریس۔1994۔ الفروق: أنوار البروق فی أنواء الفروق جلد4، ص۔89۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم۔1999۔ الأشباہ والنظائر علی مذہب أبی حنیفۃ النعمان ص:92/84/97۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیۃ۔

[42] :۔ الشاطبی، ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ۔1997۔ الموافقات فی اصول الشریعہ جلد3، ص۔118۔ بیروت: دار الکتب العلمیہ۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 03 Issue No: 01 (2026)

اسے تحریری طور پر لکھا گیا ہو۔ اس قاعدے کو لفظی شرط سے زیادہ قوی بل اَقْوٰی اس لیے کہا گیا ہے کیونکہ لفظی شرط کبھی کبھی محض رسمی ہو سکتی ہے یا اسے بھولنے کا امکان ہوتا ہے، لیکن عرف ایک اجتماعی شعور اور مسلسل عمل ہے جو فریقین کے ذہنوں میں پہلے سے موجود ہوتا ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عرف کی قوت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اگر کوئی شخص ایسا لفظ استعمال کرے جس کے لغوی معنی کچھ اور ہوں لیکن عرف میں اس کا مفہوم بدل چکا ہو، تو وہاں لغت کے بجائے عرفی مفہوم کو ہی قانونی طور پر معتبر مانا جائے گا۔ مالکیہ کے ہاں اس کی عملی مثال یہ ہے کہ اگر کسی علاقے میں گھر کرایے پر لیتے وقت پانی کا بل مالک کے ذمے ہونا رواج ہے، تو معاہدے میں اس کا ذکر نہ ہونے کے باوجود مالک ہی بل ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ یہاں عرف نے ایک ایسی مضبوط شرط کا کام کیا جسے لفظی طور پر بیان کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی گئی۔ امام مالک رحمہ اللہ کا یہ اسلوب معاملات میں الجھنوں کو ختم کرنے اور معاشرتی استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے نہایت اہم ہے۔

اَلْمَعْرُوفُ عُرْفًا كَالْمَشْرُوطِ لَفْظًا"

امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

معاملات میں جو عرف جاری ہو وہ عقود میں مشروط کی طرح ہے، اور اس پر وفا کرنا واجب ہے جیسے شرط پر وفا کرنا واجب ہے۔"

دوسرا قاعدہ "اَلْمَعْرُوفُ عُرْفًا كَالْمَشْرُوطِ لَفْظًا" درحقیقت پہلے قاعدے ہی کی ایک عملی شکل اور اس کی قانونی وضاحت ہے، جس کا مفہوم یہ ہے کہ جو چیز معاشرے کے رواج میں معروف اور طے شدہ ہے، اسے شرعی اور قانونی طور پر ویسا ہی سمجھا جائے گا جیسے اسے زبان سے شرط کے طور پر واضح کر دیا گیا ہو۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عقد معاہدے کے وقت ہر چھوٹی بڑی بات کا ذکر کرنا ممکن نہیں ہوتا، اسی لیے وہ عرف کو ایک "خاموش ترجمان" قرار دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک اگر کسی معاملے میں فریقین خاموش رہیں، تو ان کی خاموشی کو اس علاقے کے معروف رواج پر رضامندی تصور کیا جائے گا۔ اس قاعدے کی تشریح یہ ہے کہ عرفی طور پر معروف بات کو "معاہدے کا حصہ" تسلیم کیا جائے گا۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اگر کسی نے کوئی چیز خریدی اور اس کی واپسی یا نقص عیب کے حوالے سے کوئی شرط طے نہیں کی، تو اس علاقے میں عیب کی واپسی کا جو رواج ہو گا، وہی اس معاہدے پر لفظی شرط کی طرح نافذ ہو گا۔

